# 04-06-2024 TUESDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

## سرخیاں

......بی جے پی زیرقیادت این ڈی اے اتحاد اپوزیشن انڈیا بلاک سے سخت ترین مقابلے کے بعد تیسری مرتبہ اقتدار میں پہونچ رہا ہے۔

......تلنگانہ کے سترہ پارلیمانی نشستوں پر کانگریس اور بی جے پی نے آٹھ آٹھ نشستیں حاصل کیں ہیں۔ جبکہ حیدرآباد کی نشست پر ایم آئی ایم کا قبضہ برقرار رہے۔

......آندھرا پردیش میں تلگودیشم۔ جنا سینا اور بی جے پی اتحاد نے اسمبلی اور پارلیمانی انتخابات میں غیر معمولی جیت حاصل کی ہے۔

......سکندرآباد کنٹونمنٹ اسمبلی ضمنی انتخاب میں کانگریس نے جیت حاصل کی ہے۔

## NATIONAL

بی جے پی زیرقیادت این ڈی اے اتحاد تیسری مرتبہ لوک سبھا انتخابات جیت کر اقتدار کی جانب بڑھ رہا ہے۔ جبکہ اپوزیشن انڈیا بلاک نے اس بار زبردست مقابلہ کیا ہے۔ اب تک 543 میں سے 542 نشستوں کے رجحانات کو دیکھیں تو این ڈی اے اتحاد نے 140 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے۔ اور 154 نشستوں پر سبقت برقرار رکھے ہوئے ہے۔ جبکہ انڈیا اتحاد 95 نشستوں پر کامیاب حاصل کرچکا ہے اور 103 نشستوں پر سبقت بنائے ہوئے ہے۔ وہیں دیگر جماعتیں 22 سیٹوں پر جیت حاصل کرچکی ہیں اور 29 نشستوں پر سبقت بنائے ہوئے ہے۔ بی جے پی نے پہلے ہی گجرات کے سورت پارلیمانی حلقے کی نشست بلامقابلہ جیت لی ہے۔ پارٹی نے انفرادی طور پر 128 سیٹوں پر جیت حاصل کی ہے جبکہ 114 پر اسے سبقت حاصل ہے۔ وہیں کانگریس نے 54 نشستوں پر کامیابی حاصل کی ہے اور 44 نشستوں پر آگے چل رہی ہے۔ بی جے پی کے قدآور قائدین بشمول وزیراعظم نریندرمودی وارناسی سے، مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ گاندھی نگر سے، سبقت لئے ہوئے ہیں۔ کانگریس لیڈر راہول گاندھی جورائے بریلی اور وائناڈ حلقوں سے مقابلہ کررہے ہیں دونوں سیٹوں پر بھی برتری حاصل کرچکے ہیں۔ ریاستی تلنگانہ کی سابق گورنر ڈاکٹر تملی سائی سندرراجن ریاست ٹاملناڈو کی چنیائی جنوب سیٹ سے پیچھے چل رہی ہیں۔ ترنمول کانگریس ویسٹ بنگال میں زبردست سبقت لئے ہوئے ہے جبکہ تاملناڈو میں ڈی ایم کے آگے چل رہی ہے۔ ملک کی اہم ریاست اتر پردیش میں بی جے پی اور ایس پی کے درمیان زبردست مقابلہ چل رہا ہے۔

## LEAD TELANGANA

تلنگانہ کے 17 پارلیمانی نشستوں پر بی جے پی آٹھ حلقوں پر سبقت بنائے ہوئے ہے جب کہ حیدرآباد سے مجلس نے اپنی جیت کے سلسلے کو برقرار رکھا ہے۔ وہیں کانگریس امیدوار پدا پلی۔ ظہیرآباد۔ ناگرکرنول۔ نلگنڈہ۔ بھونگیری۔ ورنگل۔ محبوب آباد۔ اور کھمم حلقہ جات سے سبقت بنائے ہوئے ہیں۔ جبکہ بی جے پی امیدوار عادل آباد۔ کریم نگر۔ نظام آباد۔ میدک۔ ملکاجگیری۔ سکندرآباد۔ چیوڑلہ۔ اور محبوب نگر سے آگے چل رہے ہیں۔

BRS

بی ارایس پارٹی جس نے اسمبلی الیکشنس میں اقتدار کھودیا تھا لوک سبھا انتخابات میں بھی ناقص مظاہرہ کیا ہے۔ 17 لوک سبھا نشستوں میں سے بی ارایس پارٹی کھاتہ کھولنے کے موقف میں بھی نہیں آسکی ہے۔ پارٹی کے امیدوار کھمم اورمحبوب آباد سے دوسرے نمبر پر رہے۔ جبکہ بقیہ سیٹوں پر تیسرے نمبر پر اور حیدرآباد نشست پر تو چوتھے نمبر پر رہے۔

MODI - BABU

وزیراعظم نریندر مودی اور مرکزی وزیر داخلہ امیت شاہ نے آندھرا پردیش میں این ڈی اے الائنس جس میں ٹی ڈی پی۔ جنا سینا اور بی جے پی شامل ہیں کی غیر معمولی کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔ جملہ پچیس لوک سبھا نشستوں میں سے این ڈی اے الائنس نے 20 سٹیں حاصل کیں۔ جب کہ وائی ایس آر سی پی نے 5 نشستیں حاصل کیں۔ جبکہ اتحاد میں شامل ٹی ڈی پی نے 16۔ جنا سینا نے دو۔ بی جے پی نے 2 نشستیں حاصل کی ہیں۔ واضح رہے کہ ابھی تک سرکاری سطح پر نتائج کا اعلان نہیں کیا گیا ہے۔

AP ASSEMBLY

چیف منسٹر جگن موہن ریڈی کی زیر قیادت وائی ایس آر کانگریس پارٹی کو اسمبلی انتخابات میں بری طرح ہار کا سامنا کرنا پڑا ہے۔ جملہ 175 نشستوں میں سے ٹی ڈی پی۔ جنا سینا۔ بی جے پی۔ اتحاد نے غیر معمولی کامیابی درج کی ہے۔ اتحاد نے اب تک 88 سیٹوں پر کامیاب حاصل کرلی ہے۔ جبکہ 72 نشستوں پر اسے سبقت حاصل ہے۔ تلگودیشم نے 58 سیٹوں پر جیت حاصل کی ہے جبکہ وہ 77 سیٹوں پر سبقت بنائے ہوئے ہے۔ جنا سینا 11 سیٹوں پر جیت حاصل کرچکی ہے اور مزید 10 سیٹوں پر اسے سبقت حاصل ہے۔ بی جے پی نے اب تک اسمبلی کی تین سیٹوں پر جیت حاصل کی ہے اور پانچ پر سبقت بنائے ہوئے ہے۔ وائی ایس آر سی پی فی الحال صرف چار سیٹوں پر جیت چکی ہے اور گیارہ پر سبقت بنائے ہوئے ہے۔ تلگودیشم پارٹی کے سربراہ چندرا بابو نائیڈو کپم سے سبقت بنائے ہوئے ہیں۔ جبکہ جنا سینا چیف پون کلیان پیٹاپورم نشست سے بڑی اکثریت کے ساتھ کامیاب ہوچکے ہیں۔ ٹی ڈی پی قائد لوکیش منگل گیری سیٹ سے جیت حاصل کرچکے ہیں جبکہ ٹی ڈی پی امیدوار اور سائن ایکٹر نندا موری بالا کرشنا اس بار ہندو پور حلقہ سے کامیابی حاصل کرتے ہوئے ہیٹ ٹریک بنا چکے ہیں۔ بی جے پی کے ریاستی صدر پوریندریشوری راجمندری لوک سبھا حلقے سے آگے چل رہی ہیں۔ وائی سی پی چیف اور چیف منسٹر جگن موہن ریڈی پولی ویندلہ اسمبلی حلقے سے جیت حاصل کرچکے ہیں لیکن ان کے تمام وزراء سوائے پدی ریڈی رامچند رریڈی کے سبھی کو شکست کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔ تلگودیشم پارٹی کے ذرائع کے مطابق چندرا بابو نائیڈو آندھرا پردیش کے نئے وزیر اعلی کی حیثیت سے اس ماہ کی نو تاریخ کو حلف لیں۔

TDP SUPPORT

ایک بڑی سیاسی پیش رفت میں بی جے پی قیادت نے تلگودیشم پارٹی کے صدر اور سابق چیف منسٹر چندرا بابو نائیڈو کو این ڈی اے کے کنونیر کے عہدے کی پیش کش کی ہے۔ ٹی ڈی پی ذرائع کے مطابق بی جے پی آندھرا پردیش الیکشن انچارج سدارتھا ناتھ سنگھ نے چندرا بابو نائیڈو

سے ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی اور پارٹی قیادت کی جانب سے انہیں اس عہدے کی پیش کش کی ۔ٹی ڈی پی چیف چندرابابو نائیڈو نے سنگھ سے کہا کہ اندوران اڑتالیس گھنٹے وہ پارٹی کے قائدین سے گفتگو کے بعد اپنے موقف سے واقف کروائیں گے ۔

CANTONMENT

کانگریس پارٹی کے کنٹونمنٹ اسمبلی حلقے کے امیدوار گنیش ۔بی ار ایس پارٹی کی امیدوارہ نیویدیتا سے 9725 ووٹوں کے فرق سے کامیاب حاصل کی ہے۔واضح رہے کہ یہاں پر اس نشست کے لئے ضمنی انتخاب ہوا تھا۔

KISHAN REDDY

صدر تلنگانہ بی جے پی ومرکزی وزیر کشن ریڈی نے سکندرآباد سے کانگریس امیدوار دانم ناگیندر کو 65 ہزار ووٹوں کی اکثریت سے شکست دے کر سکندرآباد حلقہ پارلیمان کی نشست دوبارہ جیت لی ہے۔بی ار ایس امیدوار پدما راو تیرے مقام پر رہے ۔

KAREEMNAGAR

کریم نگر کے رکن پارلیمنٹ اور بی جے پی کے قومی جنرل سکریٹری بنڈی سنجے کمار نے کانگریس امیدوار بی راجندر راو اور بی ار ایس امیدوار بی ونود کمار کو بڑی اکثریت سے شکست دی۔انہوں نے اپنے قریبی حریف کو 2.21 لاکھ ووٹوں سے ہرادیا۔

MALKAJGIRI

بی جے پی امیدوار اراٹیلا راجندر نے تین لاکھ ساٹھ ہزار ووٹوں کی غیر معمولی اکثریت سے ملکاجگیری حلقہ سے شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔ 2023 میں اسمبلی انتخابات میں حضورآباد اور گجویل حلقہ جات سے دو مرتبہ ناکامی کا سامنا کرنے کے بعد انہوں نے اس بار پارلیمانی انتخابات میں غیر معمولی کامیابی حاصل کی ۔واضح رہے کہ سرکاری طور پر ابھی نتیجہ کا اعلان نہیں کیا گیا ہے۔

BHONGIR

کانگریس امیدوار سی کرن کمار ریڈی نے بھونگیر نشست پر دو لاکھ بارہ ہزار ووٹوں کی اکثرت سے کامیابی حاصل کرتے ہوئے بی جے پی امیدوار بی نرسیا گوڑ اور بی ار ایس امیدوار کے ملیشم کو شکست دی ہے۔

CHEVELLA

چیوڑلہ سے بی جے پی امیدوار کونڈا ویشویشور ریڈی نے ایک لاکھ اڑتیس ہزار ووٹوں کی بھاری اکثریت سے کامیاب حاصل کر لی ہے۔ جبکہ کانگریس پارٹی کے رنجیت ریڈی دوسرے نمبر پر جبکہ بی ار ایس کے گیانیشور تیسرے مقام پر رہے۔

NIZAMABAD

بی جے پی امیدوار دھرما پوری اروند نے نظام آباد کی نشست مسلسل دوسری بار جیت لی ہے۔ان کو ایک لاکھ 22 ہزار ووٹوں کی اکثریت حاصل ہوئی۔جبکہ کانگریس امیدوار ٹی جیون ریڈی دوسرے نمبر پر اور بی ار ایس امیدوار بی گوردھن ریڈی تیسرے نمبر پر رہے۔

ASAD UDDIN

ایم آئی ایم نے حیدرآباد نشست پر ایک بار پھر اپنا دبدبہ برقرار رکھا۔ پارٹی کے چیف بیرسٹر اسدالدین اویسی نے لگاتار پانچویں مرتبہ کامیابی حاصل کی۔ انہوں نے بی جے پی کی امیدوارہ کو سخت مقابلے میں تین لاکھ 15 ہزار 811 ووٹوں کے فرق سے شکست دی۔ اس سے قبل اسد اویسی 2004,2009,2014,2019 میں جیت حاصل کر چکے ہیں۔

MEDAK

میدک پارلیمانی حلقے میں بی جے پی امیدوار رگھونندن راو نے قریبی حریف اور کانگریسی امیدوار نیلم مدھو کو 30 ہزار ووٹوں سے ہرادیا۔

NAGARKARNOOL

ناگر کرنول پارلیمانی حلقے میں کانگریس امیدوار ڈاکٹر ملوروی۔ نے بی جے پی حریف بھرت پرساد کو 84 ہزار 824 ووٹوں کے بڑے فرق سے شکست دی۔ واضح رہے کہ اس سے قبل ملوروی 1991 اور 1998 میں یہاں سے کامیاب حاصل کر چکے ہیں۔

MAHABOOB NAGAR

بی جے پی امیدوارہ ڈی کے ارونا محبوب نگر پارلیمانی حلقے سے اپنے قریبی حریف کانگریس امیدوار سی ومشی چندر ریڈی کو 6 ہزار ووٹوں کے فرق سے شکست دی ہے۔ بی آر ایس کے منے سرینواس ریڈی تیسرے نمبر پر رہے۔

MAHABUBABAD

محبوب آباد لوک سبھا حلقے سے کانگریس امیدوار بی بلرام نائک۔ بی آر ایس امیدوار ایم کویتا سے 22 ویں راونڈ کے اختتام تک تین لاکھ 40 ہزار ووٹوں سے آگے ہیں۔ اس حلقے سے بی جے پی امیدوار سیتارام نائک تیسرے نمبر پر ہیں۔

ZAHEERABAD

کانگریس امیدوار سریش کمار شیٹکر اپنے قریبی بی جے پی حریف بی بی پاٹل سے پانچ لاکھ 20 ہزار ووٹوں کے بڑے فرق سے آگے چل رہے ہیں۔

WARNGAL

ورنگل پارلیمانی حلقے کے ووٹوں کی گنتی اختتام کو پہونچ چکی ہے۔ کانگریس امیدوارہ کڈیم کاویہ نے غیر معمولی کامیابی حاصل کی ہے۔ انہوں نے بی جے پی امیدوار۔ اروری رمیش کو دو لاکھ 17 ہزار ووٹوں کے فرق سے ہرادیا۔

P O P

اگنی ویر کے تیسرے بیاچ کی پاسنگ آوٹ پریڈ آج۔ ای ایم ای۔ سنٹر سکندرآباد پر منعقد ہوئی۔ بریگیڈیر پرشانت باجپائی کمانڈنگ ای ایم ای سنٹر نے پریڈ کا جائزہ لیا۔ 280 اگنی ویروں نے پاسنگ آوٹ پریڈ میں حصہ لیا۔ اگنی ویر کے تیسرے بیاچ کے لئے فوج کی بنیاد تربیت کا آغاز۔ یکم نومبر 2023 سے ہوا تھا۔ اس موقع پر پاس آوٹ پریڈ کے اگنی ویروں کو بہترین مظاہرے پر میڈل سے نوازا گیا۔ فیزیکل فٹنس اکیڈیمکس اور مجموعی کارکردگی کے مظاہرے پر یہ ایوارڈس دیئے گئے۔

HAJJ

نو لاکھ 35 ہزار 966 عازمین حج اس ماہ کی دو تاریخ تک مملکت سعودی عربیہ پہونچ چکے ہیں۔ زمینی اور فضائی راستے سے یہ عازمین یہاں پہونچے ہیں۔ ڈائریکٹر آف پاسپورٹ نے عازمین حج کے داخلے کے طریقہ کار کو نئی تیکنیک سے جوڑ کر ہر طرح سے سہولت پہونچانے کا انتظام کیا ہے۔